17/01/2026 07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں بلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*.......وزیر اعظم نریندر مودی نے Malda مغربی بنگال میں 3ہزار250کروڑ روپے لاگت والے ریل اور سڑک پروجیکٹوں کا رکھا سنگ بنیاد۔

*.... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں کا مستقبل سنوارنے میں کھیل کود کو تعلیم اور زندگی کے ہنروں کے ساتھ جوڑنے کی اہمیت کو کیا اُجاگر۔

*....... چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کا محکمہ جاتی ترقیوں کے آن لائن پورٹل کو موثر طریقے پر بروئے کار لانے پر زور ۔

اور

*....... معراج النبی ﷺ کے سلسلے میں وادی بھر میں دینی مجالس کا انعقاد ۔

PM

مغربی بنگال میں3ہزار250کروڑ روپے لاگت والے Maldaوزیر اعظم نریندر نریندر مودی نے آج ریل اور سڑک پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ ان پروجیکٹونکی بدولت مغربی بنگال اور شمال مشرقی خطے مینکنکٹیوٹی مضبوط کرنے اور ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے میں مدد ملے گی۔

انہوننے کہاکہ بھارتی ریلویز تبدیلی کے دور سے گذر رہی ہے اور اس وقت ملک میں 150وندے بھارت ریل گاڑیاں چل رہی ہیں۔انہوں نے Malda ٹاؤن ریلوے اسٹیشن پر ہاوڑا اور گوہاٹی کے درمیان چلنے والی ملک کی پہلی وندے بھارت سلیپر ریل گاڑی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ انہوں نے گوہاٹی ہاوڑا کے درمیان وندے بھارت سلیپر کو بھی ورچول طریقے پر ہری جھنڈی دکھائی۔

...........PM...........

ایل جی سپورٹس

لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نےکہا ہے کہ کھیل کود کو تعلیم اور زندگی کے ہنروں کے ساتھ جوڑا جانا چاہئے تاکہ نوجوانوں کی شخصیات میں نکھار آنے کے ساتھ ساتھ یہ ملک کی ترقی کا بھی ذریعہ بن سکے۔ آج جموں میں قومی سطح کی دو روزہ سپورٹس کانفرنس کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہایہ کانفرنس جموں کشمیر میں کھیل کود کے نظام کو مزید مستحکم کرنے ، جموں کشمیر میں قومی سپورٹس پالیسی 2025کی موثر عمل آوری نیز مستقبل کے تقاضوں کے مطابق نوجوانوں کو ایک نئی سمت دلانے میں مدد گار ثابت ہوگی۔

ایل جی نے مزید کہا کہ یہ کانفرنس جموں کشمیر میں حکمرانی ، شراکتداری اور کھلاڑیوں کی کار کردگی میں بہتری لانے کے طور طریقوں کو بروئے کار لا کر قومی سپورٹس ایجنڈے کو عملانے کیلئے بھی کلیدی اہمیت کی حامل ہے۔

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اداروں کو مستحکم کرنے ،شخصیات میں مثبت بدلاؤ لانے اور سماج اور قوم کے تئیں ذمہ داری کے احساس کو تقویت بخشنے میں آرٹ کے کلیدی رول کو اجا گر کیا ہے۔

جموں میں منعقدہ انٹر نیشنل پینٹنگ ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے IIM انہوں نے کہاکہ مصنوعی ذہانت اور مشینوں کے آج کل کے دور میں نئے مواقعوں کو حقیقت میں بدلنے کیلئے تخلیقی سوچ کا ہونا بہت ضروری ہے ۔

انہوننے امید ظاہر کی کہ آرٹسٹ اور ابھرتے ہوئے کار خانہ دار ملکر ملک کے مستقبل کو ایک نئی جہت دینے میں کامیاب ہوں گے۔

............Byte...........

ملاقاتLG

منوج سنہا کے ساتھ ملاقات LG سینئر بی جے پی لیڈر رویندر رینہ نے آج لوک بھون جموں میں کی۔ اس دوران انہوننے کئی مذہبی مقات کو ترقی دینے اور سرحدی سیاحت کو فروغ دینے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔

ایل جی

پروگرام کے تحت 120 کشمیری نوجوانوں Exchange لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کشمیر یوتھ کے پہلے گروپ کو جھنڈی دکھا کر ”وطن کو جانو “ ٹور کیلئے روانہ کیا۔

پروگرام کے اس چھٹے مرحلے میں مجموعی طور پر دو ہزار نوجوان ملک کے پندرہ بڑے شہروں کا دورہ کریں گے، تاکہ وہ ملک کی ثقافتی، تاریخی اور صنعتی وراثت سے واقف ہو سکیں۔

کلینڈر

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج لوک بھون جموں میں جمونو کشمیر شری کاشی پریشدڈیری اور پنچنگ کلینڈر2026جا ری کیا۔Vidwat

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے آج نوشہرہ میں ایک میگا ہیلتھ کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ نوشہرہ راجوری میں صحت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کےلئے2کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹ منظور کئے ہیں۔

اس موقعے پر کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے کہا کہ حکومت دیہی علاقوں میں کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔

سکینہ

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے سماج میں بدلاؤ لانے نیز ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے میں تعلیم کی اہمیت کو اجاگرکیا ہے ۔ گورنمنٹ کالج آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی جمونمیں آج انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن کے ایک سیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی پر اب ہمار ا مستقبل منحصر ہے ۔انہوننے کہاکہ یہ ٹیکنالوجی جموں کشمیر کی اقتصادی ترقی نیز اسے تکنیکی طور پر خود انحصار بنانے میں مدد گار ثابت ہوگی ۔

چیف سیکریٹری

Departmental چیف سیکریٹری اَٹل ڈلو نے سرکاری ملازمین کی ترقی سے متعلق تیار کر Trainings اینڈ ARIکمیٹی کے آن لائن پورٹل کا جائزہ لیا۔ یہ پورٹل محکمہ Promotion رہا ہے۔ پورٹل کا مقصد ترقی کے عمل کو بروقت اور شفاف بنانا ہے۔

چیف سیکریٹری نے افسروں کو ہدایت دی کہ ڈی پی سی کو جلد اور مکمل طور پر ڈیجیٹل بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ آن لائن نظام سے شفافیت بڑھے گی، تاخیر ختم ہوگی اور ملازمین کو فائلوں کے جھنجھٹ سے نجات ملے گی۔

دریں اثنا چیف سیکریٹری نے ایک اور میٹنگ کے دوران ڈیپارٹمنٹ آف یوتھ سروسزاینڈ سپورٹس کی طرف سے تیار کئے گئے ایک سال پر مشتمل سپورٹس کلینڈر اور دیگر سرگرمیونکاجائزہ لیا۔

معراج النبیﷺ

معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریب سعید کے سلسلے میں واد ی کی مساجد ، خانقاہوں اور بقہ جات میں دینی مجالس کا سلسلہ جاری ہے۔کل رات ان مقامات پر شب بیداری کی روح پرور مجالس منعقد ہوئیں اور فرزندان توحید درود و ازکار،ختمات المعظمات اور نعت و مناجات کی مجالس میں محو رہے ۔

سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوئی جہاں ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مندوں نے اللہ کے حضور سر بسجود ہو کر قوم و ملت کیلئے خصوصی دعائیں مانگیں ۔

............Dua............

آثار شریف درگاہ حضرت بل میں آج اور کل ہر نماز کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جارہی ہے ۔

........Darood........

حج

اقلیتی امور کی مرکزی وزارت نے اس سال کی حج لوازمات کو پورا کرنے کی تاریخ رواں مہینے کی 25تاریخ تک بڑھا دی ہے ۔ وزارت نے حج عازمین سے کہا ہے کہ وہ اس تاریخ تک حج بُکنگ اور دیگر لوازمات پورا کریں ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریناپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، شہر شہر منظر ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر اور نئی منزلیں ، کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں - Radiokashmir@gmail.com

رئیحانہ حبیب

ملک کو 2047تک وکست بنانے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے مینزراعت سمیت تمام شعبے کلیدی اہمیت کے حامل ہیں۔ جموں کشمیر میں زرعی شعبہ کے ساتھ70فیصد سے زائد لوگوں کاروز گا ر منسلک ہے ۔

کے بارے میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز میں Sustainable Agriculture ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

ست شرما

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے پارٹی کے جنرل سیکریٹری کے تحت VB-G Ram G آرگنائزیشن اشوک کول اور دیگر لیڈروں کے ہمراہ آج سانبہ ضلعے میں منعقد تقریب میں شرکت کی۔

اس موقعے پر ست شرما نے کہا کہ یہ قانون وکست بھارت کے خواب کو پورا کرنے میں اہم رول ادا کرے گا۔ انہوننے کہا کہ اب جمونو کشمیر ترقی کے ایک نئے راستے پر گامزن ہے۔

BJP

آج بی جے پی ہیڈ کواٹر جموں میں بی جے پی نیشنل کونسل ممبران اور سٹیٹ کونسل ممبران کے تحت ملک بھر میں جاری تنظیمی Parv کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں سنگھٹن انتخابات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

میٹنگ میں بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن بی Parv اشوک کول کے علاوہ کئی دیگر لیڈروں نے بھی شرکت کی۔ انہوننے کہا کہ سنگھٹن جے پی کے اندرونی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کا تہوار ہے۔

کھٹانہ

VB-G راجوری میں آج بی جے پی کے ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ کی صدارت میں سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ Ram G

اس موقعے پر انہوننے کہا کہ کانگریس پارٹی لوگوں کو اس ایکٹ کے بارے میں غلط جانکاری دے کر گمرہ کر رہی ہے۔ انہوننے ایکٹ کو روزگار کے مواقعے پیدا کرنے میں ایک اہم قانون قرار دیا۔

ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک معروف فزیشن ڈاکٹر گل جنید نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

این سی

نیشنل کانفرنس جنرل سکریٹری علی محمد ساگر نے کہاہے کہ پچھلے چند برسوں کے دوران مفاد خصوصی رکھنے والی سیاسی جماعتوں نے جموں کشمیر کے لوگوں کوعلاقائی ، لسانی اور مذہبی بنیادوں پر تقسیم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ۔

پارٹی ہیڈکوارٹر پر آج ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اس طرح کے عناصر کی کوششوں کوہر صورت میں نا کام بنائیں ۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ابتداءسے ہی عوام کی راحت رسانی کی کاموں میں جٹی ہوئی ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر سماج کو رشوت خوری کی بدعت سے پاک کرنے نیز راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے تمام اقدامات کر رہا ہے ۔تاہم بیورو نے اس ناسور کا قلع قمع کرنے کیلئے عوام کا بھر پور تعاون طلب کیا ہے ۔

ACB نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ رشوت طلب کئے جانے کے کسی بھی معاملے کوبیورو کی نوٹس میں لائیں۔

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے کہا-ACB اس ضمن میں

## کرائم برانچ

ونگ نے سرکاری نوکریوں کا جھانسہ دے کر لوگوں Offences کرائم برانچ کشمیر کی اکنامک سے دھوکہ دہی کرنے کے الزام میں ایک سابق پولیس ملازم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

شکایت کے مطابق ملزم نے سرکاری ملازمت دلانے کے وعدے پر تقریباً 23 لاکھ روپے وصول ویریفکیشن رپورٹس فراہم CID لئے اور جعلی تقرری نامے، شناختی کارڈ، لائسنس اور پولیس و کیں۔ ابتدائی تحقیقات میں الزامات درست پائے گئے۔

## CBI

سینٹرل بیورو آف انویسٹگیشن نے حلقہ صوف شالی کوکرناگ اننت ناگ کے پٹواری اور اسی حلقے کے چوکیدارکو 15ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا۔

## شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے ایران میں پھنسے کشمیری طلباءکو محفوظ طریقے پر واپس لانے کےلئے مرکزی سرکار کی طرف سے کئے جا رہے موثر اقدامات کےلئے ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

## بلبیر رتن

میونسپل کارپوریشن Brihanmumbia بی جے پی کے ترجمان بلبیر رام رتن نے کہا ہے کہ انتخابات کے نتائج سے یہ بات واضح ہو جا تی ہے کہ ممبئی کے ووٹروں نے بی جے پی کے شمولیاتی ترقی اور شفاف حکمرانی کے نظریے کو ووٹ دیا ہے۔

## جموں پولیس

ایس ایس پی سانبہ کی صدارت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ضلعے کے سلامتی صورتحال بالخصوص آنے والی یوم جمہوریہ تقریبات کے تعلق سے کی جارہی تیاریوں کا جائیزہ لیاگیا۔ ڈوڈہ کے ایس ایس پی سندیپ مہتا کی صدارت میں بھی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس مینسکیورٹی گرڈ کو مزید مستحکم کرنے سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ادھمپور پولیس نے سالیاں تالاب ادھمپور میں ایک ڈرگ سمگلر کو تین ہزار5سو کیپسول سمیت گرفتار کیا۔ کٹھو عہ پولیس نے مگر کَھڈ سے ایک ڈرگ سمگلر کو Pregablin کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے۔ کٹھوعہ پولیس نے حفاظتی عملے کی دیگر ایجنسیوں کے اشتراک سے ایک مشترکہ آپریشن کے دوران دہشت پسندوں کی تین کمین گاہوں کو تباہ کر کے وہاں سے کچھ سامان بر آمد کیا۔ آئی جی پی جموں کی صدارت میں پولیس کی مختلف شاخوں سے تعلق رکھنے والے اہلکاروں کےلئے ایک ہفتہ طویل تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

کشمیر پولیس

جمونو کشمیر پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے اننت ناگ اور بڈگام سے6ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کا فی مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

سیاحت

محکمہ سیاحت زیادہ سے زیادہ سیاحوں کوجموں کشمیرکی طرف راغب کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہا ہے اوران کاوشوں کی بدولت یہاں آنے والے سیاحوں کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے اور وہ یہاں کے سرد موسمی صورتحال نیز یہانکی خوبصورتی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

کئی سیاحوں نے اپنے تجربات کا یوں اظہا رکیا۔

........Tourists........

Winter

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔
تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت11اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی3اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت20اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت4اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر35منٹ اور

غروب آفتاب شام5 بجکر47منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

................................

.................

.......